# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323


ریفرنس نمبر: بی سی آئی/ بی ڈبلیو پی/ 2024-05(565)

مورخہ 11 مئی 2024

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 11 مئی 2024ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 11 مئی 2024ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2- | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 3- | جناب فیصل ندیم | (ممبر) | المعروف اینڈ کمپنی، بہاولپور |
| 4- | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 5- | جناب شہزاد احمد | (ممبر) | غوث الاعظم فلور ملز، لودھراں |
| 6- | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 7- | جناب منصور اقبال قریشی | (ممبر) | المیزان آئل ملز، احمد پور شرقیہ |
| 8- | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پور شرقیہ |
| 9- | جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیو سٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |
| 10- | جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 11- | جناب محمد جواد بندیشہ | (ممبر) | الفتح اسٹیٹ اینڈ بلڈرز، بہاولپور |
| 12- | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:- سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 17 فروری 2024ء کی کاروائی کی توثیق۔**

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 17 فروری 2024ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، ہاوس نے ایجنڈا جات اور ان کی تفصیل سے اتفاق کرتے ہوئے منظور کر لیا اور اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

CamScanner

## قرارداد 13/2023-24

"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 17 فروری 2024ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور باالتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"

**ایجنڈا نمبر 2:-** گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبرشپ کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 17 فروری 2024 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبرشپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 9 ممبرشپ برائے کارپوریٹ کلاس 31 ممبرشپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**کارپوریٹ کلاس:** 1۔ اپنا ٹوورز پرائیویٹ لمیٹڈ، احمد پور شرقیہ 2۔ تارا کارپوریٹ فارمز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 3۔ ایپکس مال پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 4۔ میٹروپولیٹن الائیڈ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 5۔ چاند اگرو کیمیکلز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 6۔ جے اے موسی کنسٹرکٹرز اینڈ بلڈرز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 7۔ بلوچستان کاٹن انڈسٹریز اینڈ آئل ملز، احمد پور شرقیہ 8۔ صالح انٹرپرائزز، چشتیاں 9۔ بسم اللہ کاٹن جننگ اینڈ الائیڈ انڈسٹریز، ہارون آباد

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔ بھاؤ میو، بہاولپور 2۔ راجپوت ٹریڈرز، بہاولپور 3۔ انور سٹیل اینڈ ہارڈ ویئر ہاؤس، بہاولپور 4۔ انعام اللہ ٹریڈرز، چشتیاں 5۔ افتخار اینڈ سنز، بہاولپور 6۔ ارینا مال، بہاولپور 7۔ میگاٹرون بائیوسول انرجی، بہاولپور 8۔ تنویر ٹریڈنگ کمپنی، حاصل پور 9۔ معاذ علی کمیشن شاپ، فقیر والی 10۔ حسن ٹریڈرز، بہاولپور 11۔ بہاولپور ماڈل ٹریکٹرز، بہاولپور 12۔ ظفر ڈیری فارم، خیر پور ٹامیوالی 13۔ رانا عاصم اینڈ کو، بہاولپور 14۔ الشمس ہومیو کلینک، بہاولپور 15۔ چوہدری عقیل اینڈ کو، بہاولپور 16۔ کوسمو شوز فیکٹری، چشتیاں 17۔ عمران ڈیری فارم، ڈونگہ بونگہ 18۔ محکم کنسٹرکشن اینڈ بلڈرز، بہاولپور 19۔ علی عرفان ٹریکٹر شوروم، حاصل پور 20۔ ایم ایس رائس ملز، بہاولنگر 21۔ مالک اینڈ سنز، ہارون آباد 22۔ رضا پولٹری سروسز اینڈ پروٹین فارم، بہاولپور 23۔ عاقب پراپرٹیز اینڈ بلڈرز، فورٹ عباس 24۔ اقبال اینڈ سنز، دنیاپور 25۔ عبداللہ انٹرپرائزز، بہاولپور 26۔ چوہدری محمد اکرم وڑائچ اینڈ سنز فروٹ فارمز، دنیاپور 27۔ المنیب الیکٹرک سٹور، بہاولپور 28۔ عسکری کمیشن شاپ، احمد پور شرقیہ 29۔ ستلج رائس ملز، بہاولنگر 30۔ ابن بشیر انٹرپرائزز، ہارون آباد 31۔ الورڈ گلیکسی موبائل، بہاولپور

ہاؤس نے آنے والی درج بالا تمام نئی ممبرشپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

## قرارداد 14/2023-24

"ہرگاہ ہاؤس گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 17 فروری 2024 سے لیکر آج کی میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں آنے والی تمام نئی ممبرشپ جس میں 9 کارپوریٹ کلاس اور 31 ایسوسی ایٹ کلاس شامل ہیں، بہاولپور چیمبر کی ممبرشپ حاصل کرنے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتا ہے۔"

**ایجنڈا نمبر 3:-** گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:-** ماہ فروری، مارچ و اپریل 2024 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ فروری، مارچ و اپریل 2024 کے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے منظوری پیش کیے۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 15 فروری 2024 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر

چکی ہے۔سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ فروری، مارچ و اپریل 2024 میں ہونے والے کل اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے غور و خوض و منظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ فروری میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-6,90,286 روپے، ماہ مارچ میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-9,92,487 روپے اور ماہ اپریل میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-4,46,375 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پر غور و خوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور باتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 15/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس ماہ فروری میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-6,90,286 روپے، ماہ مارچ میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-9,92,487 روپے اور ماہ اپریل میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-4,46,375 روپے کی باتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 5:- صاحبِ صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے صاحب صدر نے ہاؤس کو بتایا کہ بہاولپور انڈسٹریل اسٹیٹ میں پلاٹوں کی فروخت کا آغاز ہو چکا ہے جس میں تقریباً 70 پلاٹ فروخت کے لیے تیار ہیں۔انڈسٹریل اسٹیٹ میں پلاٹوں کی فروخت اور ان کی قیمتوں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے صدر چیمبر نے کہا کہ اسٹیٹ میں فی ایکڑ پلاٹ کی قیمت 2 کروڑ 75 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔صاحب صدر نے کہا کہ ہماری ایک میٹنگ PIEDMC کے چیئر مین اور سی ای او سے ان کے دفتر لاہور میں ہوئی ہے جس میں انہوں نے ہمیں آگاہ کیا ہے کہ اسٹیٹ میں پلاٹوں کی فروخت No Profit No Loss کے تحت کی جا رہی ہے تاہم صدر نے کہا کہ اس وقت پلاٹوں کی قیمت بہت زیادہ ہے اور بہاولپور چیمبر کی یہ کوشش ہے کہ پلاٹوں کی فی ایکڑ قیمت کو کم کیا جائے اور اس سلسلے میں عنقریب ہم صوبائی وزیر برائے صنعت سے ملنے لاہور جا رہے ہیں۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کو ظہرانے پر مدعو کیا اور کہا کہ آج کا ظہرانہ چیمبر کے ایگزیکٹو کمیٹی ممبر جناب فیصل ندیم صاحب کی جانب سے ترتیب دیا گیا ہے۔جس پر ہاؤس نے فیصل ندیم صاحب کے اس اقدام پر اظہار تحسین کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔**

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

CamScanner